نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

دوروزہ بین الاقوامی پاکستان ہارٹی ایکسپو 2022 کے انعقاد سے زرعی برآمدات بڑھانے میں مدد ملے گی۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

محکمہ زراعت اس سے قبل تین نمائشوں کا انعقاد کر چکا ہے جس سے ملکی برآمدات میں 10.2 ملین ڈالر کا اضافہ ہوا

لاہور12 جنوری 2022: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ ملکی زرعی برآمدات میں اضافہ کے لئے محکمہ زراعت کے زیرِ اہتمام دوروزہ "پاکستان ہارٹی ایکسپو2022" کا انعقاد کیا جا رہا ہے جس میں پاکستانی پھلوں، سبزیوں اوران سے بنی مصنوعات کو بین الاقوامی سطح پر اجاگر کیا جائے گا۔اس ضمن میں **29** اور **30** جنوری کو سٹالز ایکسپو سنٹر جوہر ٹاؤن لاہور میں لگائے جائیں گے۔امسال پاکستان ہارٹی ایکسپو میں روس، تاجکستان، ازبکستان، بیلا روس، قازقستان، سعودی عرب، دوبئ، قطر، بحرین، سری لنکا، انڈونیشیا، ملائیشیا اورترکی سے ماہرین، ایکسپوٹرز اور دیگر اسٹیک ہولڈرز شریک ہوں گے۔اس نمائش کے ذریعے 5 ملین ڈالر کے ایم او یو پر دستخط ہونے کی توقع ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید بتایا کہ اس نمائش سے قبل محکمہ زراعت ایسی تین نمائشوں کا انعقاد کروا چکا ہے جس میں مجموعی طور پر15 ممالک سے 100 وفود نے شرکت کی اوران نمائشوں کے ذریعے پاکستانی برآمدات میں 10.2 ملین ڈالرز کا اضافہ ہوا تھا۔ترجمان نے بتایا کہ پاکستان ہارٹی ایکسپو2022 کے انعقاد سے ہارٹیکلچر کے شعبے سے وابستہ لوگوں کو ایک ایسا پلیٹ فارم مہیا کیا جا رہا ہے جو پاکستانی مصنوعات کو پوری دنیا میں متعارف کروانے کا ذریعہ بنے گا۔پاکستان ہارٹی ایکسپو کے انعقاد سے انعقاد سے ملکی ہارٹیکلچر کراپس اوران کی مصنوعات کو دنیا بھر میں نئی منڈیاں ملنے کے امکانات روشن ہوں گے جس سے ہماری ملکی زرعی برآمدات میں اضافہ ہوگا ۔اس نمائش کے انعقاد کے حوالے سے ہارٹیکلچر کے شعبے سے وابستہ ملکی و غیر ملکی صنعتکاروں، امپورٹرز، ایکسپورٹرز اور کاشتکاروں نے غیر معمولی دلچسپی کا اظہار کیا ہے۔

☆☆☆☆